© rasailojaraid.com



مولانا عتیق احمد بستوی

# مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ اور فقہ اسلامی

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت بڑی ہمہ جہت اور ہشت پہل ہے، بیسویں صدی کے نصف آخر کی اسلامی تاریخ پر ان کے اثرات اس قدر وسیع اور گہرے ہیں کہ ان کے تذکرے کے بغیر ہر تاریخ ادھوری رہے گی، خواہ فکر اسلامی کی تاریخ ہو یا ادب اسلامی کی یا علوم اسلامی کی یا تحریکات اسلامی کی۔ عالم اسلام کے ہر خطہ کو اور زندگی کے ہر میدان کو انہوں نے کم وبیش متاثر کیا۔ برصغیر ہند و پاک تو ان کا وطن تھا' وہ اسلامیان ہند کی آبرو اور ان کی زبان و ترجمان تھے۔ تقسیم ہند کے بعد ہندوستان میں اسلام کی جڑیں مستحکم کرنے اور تشخص اسلامی کی حفاظت میں ان کا بنیادی کردار رہا۔ بلاد عربیہ اور بلاد اسلامیہ میں ان کی دعوت دور دور تک پہنچی اور ان کے افکار و پیغام کو انتہائی عزت کی نگاہ سے دیکھا گیا' عالم اسلام کی سیاسی' سماجی تبدیلیوں پر ان کی نظر بہت گہری تھی' خطرات کا احساس بہت پہلے سے کر لیا کرتے تھے اور "نذیر عریاں" کی طرح صاف لفظوں میں خطرات سے آگاہ کرتے' ان سے تحفظ کی تدبیر بتاتے۔

دنیا میں جہاں جہاں مسلمان آباد ہیں (خواہ یورپ ہو' امریکہ' آسٹریلیا ہو یا افریقہ) حضرت مولانا علی میاں رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات و افکار کی خوشگوار روشنی وہاں تک پہنچی ہے اور ہر ملک کے تعلیم یافتہ طبقہ کے دل و دماغ پر مولانا مرحوم نے انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔

## حضرت مولانا کی شخصیت کی شاہ کلید

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کیا کچھ نہیں تھے' آپ بلند پایہ مفکر' زبردست داعی الی اللہ' شہرہ آفاق مصنف' مورخ' مفسر' ادیب و انشاء پرداز' سحر بیان مقرر و خطیب اور ممتاز ترین مربی و عالم ربانی تھے۔ لیکن میری نظر میں ان کی شخصیت کی شاہ کلید دعوت الی اللہ ہے' ان کا دعوتی پہلو تمام دوسرے پہلوؤں پر حاوی اور غالب ہے۔ جب وہ سیرت نگاری کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو تاریخ اسلامی کی ان شخصیات کا انتخاب کرتے ہیں جن کی حیات اور کارناموں میں دعوت و عزیمت کا پہلو بہت نمایاں ہے۔ "السیرۃ النبویہ" میں لکھتے ہیں تو حیات نبویؐ کے دعوتی پہلو کو سب سے زیادہ اجاگر کرتے ہیں' نصابی کتابیں مرتب کرنے میں انبیاء کرام کے ایمان افروز قصوں کو اپنی توجہات کا مرکز بناتے ہیں اور قصص النبیین جیسی البلیغ کتاب وجود میں آتی ہے جس کی سطر سطر میں ادب [illegible]

دعوت کی تڑپ ہے۔ مختارات میں ادب عالی کا انتخاب کرنے بیٹھتے ہیں تو عربی ادبیات سے ایسے شہ پارے تلاش کر کے لاتے ہیں جن میں دعوتی برق و رعد پنہاں ہیں۔ ماذا خسر العالم میں امت مسلمہ کے عروج و زوال کی داستان سناتے ہیں تو امت مسلمہ کو اس کا کھویا ہوا داعیانہ و قائدانہ مقام یاد دلاتے ہیں۔ ہندوستان کے مقامی حالات میں ان کا داعیانہ ذہن "پیام انسانیت" کے نام سے ایک نیا عنوان تراشتا ہے اور پیام انسانیت کے غلاف میں اسلام کی دعوت برادران وطن تک پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں۔ غرضیکہ ان کی تمام تحریروں اور تحریکوں میں دعوت کی روح رچی بسی ہوئی ہے۔ اس لیے میرے خیال میں حضرت مولانا علی میاں رحمتہ اللہ علیہ سب سے اول اور سب سے آخر میں جلیل القدر عالم ربانی اور داعی الی اللہ تھے' ان کے سارے کاموں اور کارناموں کو اگر ہم ایک لفظ میں کشید کر لینا چاہیں تو وہ لفظ "دعوت" ہے۔

داعی کا لفظ اس دور میں بڑا ہلکا اور پامال سا ہوگیا ہے حالانکہ یہ لفظ بڑا پر عظمت ہے۔ انبیاء کرام کی کوششوں کا سرعنوان "دعوت الی اللہ" ہے۔ صحابہ کرام کی دینی جدوجہد کا خلاصہ دعوت الی اللہ ہے' داعی انبیاء کرام کا وارث و امین ہوتا ہے' اس کے دل میں انبیاء والا سوز و گداز ہوتا ہے' اس کے دل و دماغ میں تمام انسانیت کے لیے خلوص و محبت' فکر مندی و دل سوزی کا سمندر ٹھاٹھیں مارتا ہے' داعی الی اللہ بڑا حساس و زیرک ہوتا ہے' زمانہ کی حرکت و رفتار کا نباض' حقیقت آگاہ اور حق آشنا ہوتا ہے' خلوص و محبت کے ساتھ حکمت و دانائی اس میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے' اس کی لغت میں مایوسی اور پست ہمتی کے الفاظ نہیں ہوتے' وہ ناامیدیوں میں امید کے چراغ جلاتا ہے۔

ایک بلند پایہ داعی مفکر بھی ہوتا ہے۔ اپنے دور کی فکری گتھیوں کو اسلامی بنیادوں پر سلجھاتا ہے' امت کی ذہنی و فکری رہنمائی کرتا ہے' اس لیے علوم اسلامیہ سے وابستہ معرکۃ الآراء فکری مسائل میں بھی اسے اپنا موقف واضح کرنا ہوتا ہے۔

## مولانا علی میاںؒ اور علوم اسلامیہ

علوم اسلامیہ میں حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ کو سب سے زیادہ دلچسپی تفسیر قرآن سے تھی' تفسیر قرآن سے مناسبت پیدا کرنے کے لیے انہوں نے حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے درس قرآن میں

© rasailojaraid.com

